# SLIDE NO # 1

Date: ____________

# Ending Explotative taxation

## استحصالی ٹیکسیشن کا خاتمہ

(ایک نئی راہ کی طرف)

ٹیکسیشن کیا ہے؟

ٹیکسیشن ایک ایسا نظام حکومت ہے جس میں حکومت عوام سے ٹیکس وصول کرتی ہے تاکہ عوام کی بہتری کے لئے خدمات اور ملک کو اقتصادی ترقی مل سکے۔

لیکن ... جب ٹیکس کا نظام غیر منصفانہ ہو جائے اور استحصال پر مبنی ہو جائے تو عوام کے لئے مشکلات کا باعث بن جاتا ہے۔ یہ آرٹیکل ہم نوجوانوں کے لئے ایک اہم موقع ہے کہ ہم اپنی آواز بلند کریں اور حکومت سے مطالبہ کریں کہ وہ ٹیکس کے نظام کو معقول، شفاف اور عوام دوست بنائے۔ آئیے ہم مل کر ایک نئی راہ کی طرف چلیں اور اپنے مستقبل کو بہتر بنائیں۔ مطلب یہ ہے کہ یہ موضوع اسی موضوع پر ہے کہ کیسے ہم استحصال آمیز ٹیکس کا خاتمہ کر کے ایک بہترین نظام کی طرف چل سکتے ہیں۔

استحصالی ٹیکسیشن کیا ہے؟؟

# 8) استحصالی ٹیکسیشن

سابق وزیر اعظم پاکستان اور چیئرمین پاکستان تحریک انصاف نے 18 اگست 2018 کو اپنی تقریر میں استحصالی ٹیکسیشن کی تعریف یوں کی ہے:

"استحصالی ٹیکسیشن ایک ایسا نظام ہے جس میں حکومت عوام سے ٹیکس وصول کرتی ہے لیکن عوام کو اس کے بدلے میں کچھ نہیں ملتا۔ یہ ایک قسم کی چوری ہے، جہاں حکومت عوام کے پیسے لوٹ لیتی ہے اور اُسے اپنے مفادات کے لئے استعمال کرتی ہے۔"

استحصالی ٹیکسیشن کے درج ذیل اسباب ہو سکتے ہیں۔

1- کرپشن
2- شفافیت میں کمی
3- حکومت کی ٹیکس کے نظام کو بہتر بنانے میں عدم دلچسپی
4- عوام کی عدم آگاہی
5- ~~Hiden Tax~~ (Hidden Taxation) وغیرہ۔

استحصالی ٹیکسیشن کے عوام پر بہت برے اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ اس سے عوام میں غربت پیدا ہوتی ہے۔ عوام عدم اعتمادی کا شکار ہو جاتی ہے اور عوام میں احساس کمتری پیدا ہوتا ہے جو اقتصادی ترقی کے راستے میں رکاوٹ بنتی ہے۔

# SLIDE # 02

Date:

## استحصالی ٹیکسیشن کے خاتمے کی تجاویز

جیسا کہ ہم نے اوپر دیکھا کہ استحصالی ٹیکسیشن کس طرح منفی اثرات مرتب کرتی ہے۔ آج ہم اس کے خاتمے کے لئے کچھ تجاویز پیش کریں گے۔

(1) سب سے پہلا کام ٹیکسیشن کے نظام کو آسان بنانا ہے۔ ٹیکس کے نظام کو آسان بنایا جائے تاکہ عوام کو ٹیکس ادا کرنے میں آسانی ہو۔ ٹیکسیشن کا نظام بہت پیچیدہ ہے عوام کو ٹیکس کے قوانین سکھائے جائیں۔

(2) ٹیکس وصول کرنے والے اداروں کی کارکردگی کو بہتر بنانا: استحصالی ٹیکسیشن کے خاتمے کے لئے سب سے اہم کردار یہ ہے کہ ٹیکس وصول کرنے والے اداروں کی کارکردگی کو بہتر بنایا جائے۔ اس کے لئے ادارے میں کام کرنے والے لوگوں کی تربیت کی جائے۔ تاکہ وہ اپنے کام احسن طریقے سے انجام دیں۔ اداروں کو جدید ٹیکنالوجی سے آگاہ کیا جائے۔ اداروں کو جواب دہ بنایا جائے۔ اداروں میں احتساب اور سزا کا نظام بنایا جائے۔ کارکنوں کو باور کروایا جائے کہ ہمارے انبیاء اور دیگر امامِ اسلام نے کس طرح ایمانداری سے حکومتیں چلائی۔ اداروں کی نگرانی کی جائے۔

(3) کرپشن کا خاتمہ: کرپشن استحصالی ٹیکسیشن کی بنیاد ہے۔ اور کرپشن کا خاتمہ ایک پیچیدہ مسئلہ ہے۔ اگر اداروں، کارکنوں اور عوام سے کرپشن کا خاتمہ ہو گا تب ہی استحصالی ٹیکسیشن کا خاتمہ ہو گا۔ کرپشن کے خاتمے کے لئے درج ذیل اقدامات کیے جا سکتے ہیں

حکومتی اداروں کی کارکردگی کے لئے ایک محکمے کا قیام عمل میں لایا جائے۔ تاکہ حکومتی اداروں اور معاملات میں شفافیت ہو۔ اور وہ ادارہ بروقت (check and balance) رکھے۔ عوام کے لئے کرپشن کی شکایات درج کرنے کے لئے ایک ہیلپ لائن بنائی جائے۔ مخصوص محکمے بنائے جائیں جو کرپشن کے خلاف کاروائی کریں۔ ایک زکوۃ بیسڈ نظام حکومت رائج کیا جائے۔ جس میں کسی قسم کا استحصال نہ ہو۔

(4) عوام کی آگاہی: استحصالی ٹیکسیشن کو ختم کرنے کے لئے ایک اور قدم جو اٹھایا جا سکتا ہے وہ عوام کی ٹیکس کے بارے میں آگاہی ہے۔ سوشل میڈیا پر ٹیکس کے بارے میں معلومات شائع کی جائیں۔ عوام کو آگاہ رکھا جائے کہ ان کا پیسہ کہاں استعمال ہو رہا ہے۔

AMEER

## SLIDE # 03

Date: ____________

مزید ہڈن ٹیکس کے نظام کو ختم کیا جائے۔ عوام کو واضح طور پر پتا ہو کہ وہ ٹیکس ادا کر رہے ہیں اور ٹیکس کا پیسہ کہاں استعمال ہو رہا ہے۔ کیونکہ ہڈن ٹیکس عوام پر بوجھ ڈالتا ہے۔ ہڈن ٹیکس کا خاتمہ ٹیکس کے نظام میں شفافیت لاتا ہے۔ اور عوام کے اعتماد میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔

(ی) ٹیکس کی شرحیں معقول بنانا: ٹیکس کی شرحیں معقول بنانا ایک اہم موضوع ہے۔ جو عوام کی مالی حالت اور حکومت کی آمدنی پر اثر ڈالتا ہے۔ اس کے لیے کچھ اقدامات کیے جا سکتے ہیں۔ عوام کی آمدنی کا جائزہ لیا جائے تاکہ ٹیکس کی شرحیں معقول بنائی جائیں اس کے لئے ایک (Progressive Tax) کا نظام اپنایا جائے۔ جہاں زیادہ آمدنی والے لوگوں سے زیادہ ٹیکس لیا جائے۔ اور ٹیکس کی شرحیں غریب عوام کے لیے کم کی جائیں۔ تاکہ ان پر بوجھ نہ پڑے۔ اس معاملے پر عوام سے مشاورت کو یقینی بنایا جائے۔

(ک) ٹیکس کی وصولی کے عمل کو (digital) بنانا: یہ استحصالی ٹیکس کو ختم کرنے کے لئے ایک مثبت قدم ہے۔ اس کے لئے آن لائن ٹیکس پورٹل بنایا جائے۔ ڈیجیٹل ٹیکس کے نظام سے ٹیکس کی وصولی تیز ہوتی ہے۔ اس سے کرپشن میں بھی کمی آتی ہے۔ اور اس سے ٹیکس ادا کرنے میں بھی آسانی ہوگی۔ ڈیجیٹل Payment کے ذرائع بنائے جائیں۔

استحصالی ٹیکسیشن یا Explotative کے خاتمے کے لئے اور جو اقدامات کیے جا سکتے ہیں وہ درج ذیل ہیں۔

عوام کی شکایات کا حل کرنا۔ عوام کا حکومت کے ساتھ direct contact رکھنا۔ حکومت کو عین اسلامی طرز پر تشکیل دینا جس میں تمام افراد برابر ہوں اور حاکمیت اللہ کی ہو۔ المختصر استحصال آمیز ٹیکسیشن کا خاتمہ ایک اہم مسئلہ ہے جس پر حکومت کو توجہ دینی چاہیے۔ ہم نوجوانوں کا مطالبہ ہے کہ ٹیکس کے نظام کو شفاف، معقول اور عوام دوست بنایا جائے۔ تاکہ ہم اپنے مستقبل کو بہتر بنا سکیں۔ ہماری اپیل ہے کہ حکومت ٹیکس کے نظام کو ڈیجیٹل اور معقول بنائے اور عوام کو ٹیکس سے آگاہ کرے۔ آئیے سب مل کر ایک بہتر مستقبل کی طرف چلیں!

(وما علینا الا البلاغ المبین)

AMEER